## حصّہ-A

حصّہ-A ' ایک ایک نمبر کے کثیر متبادل والے سوالات پر مشتمل ہے۔

**1.** k کی وہ قدر، جس کے لیے مساواتیں : $3x - y + 8 = 0$ اور $6x - ky + 16 = 0$ دو منطبق خطوط کی نمائندگی کرتی ہیں، ہے 1

(a) $\frac{1}{2}$ (b) $-\frac{1}{2}$ (c) 2 (d) $-2$

**2.** 5.2 cm نصف قطر کے دائرے کے دو مماس AB اور CD ایک دوسرے کے متوازی ہیں۔ دونوں مماسوں کے درمیان کیا فاصلہ ہے؟ 1

(a) 5.2 cm (b) 10.4 cm

(c) 20.8 cm (d) نہیں معلوم کر سکتے

**3.** دو درجی کثیر رکنی، جن کے صفر 3– اور 4 ہیں، ان کی تعداد ہے۔ 1

(a) 1 (b) 2

(c) 3 (d) 3 سے زیادہ

**4.** اگر کسی دائرہ کا محیط اور رقبہ عددی طور پر مساوی ہیں، تو دائرہ کا نصف قطر ہے۔ 1

(a) 2 اکائی (b) π اکائی

(c) 4 اکائی (d) 2 π اکائی

**5.** وہ دو درجی مساوات، جس کا ایک جذر 2 ہے اور جس کے جذروں کا حاصل جمع صفر ہے، ہوگی: 1

(a) $x^2 + 4 = 0$ (b) $x^2 - 2 = 0$

(c) $4x^2 - 1 = 0$ (d) $x^2 - 4 = 0$

**12.** اعداد 70 اور 40 کا $(HCF \times LCM)$ ہے۔ 1

(a) 10 (b) 280

(c) 2800 (d) 70

**13.** عدد $(5 - 3\sqrt{5} + \sqrt{5})$ ہے۔ 1

(a) صحیح عدد (b) ناطق عدد

(c) غیر ناطق عدد (d) سالم عدد

**14.** اگر کثیر رکنی $p(x) = x^2 + 5x + 6$ ہے، تو $p(-2)$ کی قدر ہے۔ 1

(a) 20 (b) 0 (c) $-8$ (d) 8

**15.** اگر $\Delta ABC \sim \Delta DEF$ ہے اور $\angle A = 47°$ ، $\angle E = 83°$ ، تو $\angle C$ برابر ہے۔ 1

(a) 47° (b) 50°

(c) 83° (d) 130°

**16.** تاش کے 52 پتوں کی اچھی طرح پھینٹی ہوئی گڈی میں سے ایک پتہ، بنا کسی ترتیب کے، کھینچا گیا۔ اس پتے کے لال رانی حاصل ہونے کا احتمال ہے۔ 1

(a) $\frac{1}{52}$

(b) $\frac{1}{26}$

(c) $\frac{1}{13}$

(d) $\frac{12}{13}$

**17.** 7 cm نصف قطر کے دائرے کے اس قوس کی لمبائی کیا ہوگی جو دائرہ کے مرکز پر 90° کا زاویہ بناتا ہے؟ 1

(a) 22 cm (b) 11 cm

(c) $\frac{77}{2}$ cm (d) $\frac{11}{2}$ cm

**34.** **(A)** کسی A.P. کا پہلا رکن 5– ہے اور آخری رکن 45 ہے۔ اگر A.P. کے تمام ارکان کا حاصلِ جمع 120 ہے تو ارکان کی تعداد اور مشترک فرق معلوم کیجیے 5

**یا**

**(B)** اگر کسی A.P. کے پہلے 7 ارکان کا حاصلِ جمع 49 اور پہلے 17 ارکان کا حاصل جمع 289 ہے تو پہلے $n$ ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجیے 5

**35.** **(A)** سطحِ سمندر سے 75 m اونچے روشنی کے مینار کی چوٹی سے دیکھنے پر دو سمندری جہازوں کے زاویہ نشیب 30° اور 45° ہیں۔ اگر ایک جہاز دوسرے جہاز کے بالکل پیچھے ہے اور دونوں روشنی کے مینار کی ایک ہی جانب ہیں تو دونوں جہازوں کے درمیان فاصلہ معلوم کیجیے۔ ( $\sqrt{3}$ =1.73 استعمال کیجیے) 5

**یا**

**(B)** زمین کے ایک نقطہ P سے ایک 10 m اونچی عمارت کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع 30° ہے۔ عمارت کی چوٹی پر ایک جھنڈا نسب کیا گیا اور P سے جھنڈے کے ڈنڈے کے اوپری سرے کا زاویہ ارتفاع 45° ہے۔ جھنڈے کے ڈنڈے کی لمبائی اور نقطہ P سے عمارت کا فاصلہ معلوم کیجیے۔
( $\sqrt{3}$ =1.73 استعمال کیجیے) 5

## حصّہ-E

**حصّہ-E چار-چار نمبروں کے تین کیس مطالعہ/ پیراگراف مبنی سوالات پر مشتمل ہے۔**

**36.** خوشی اپنی سالگرہ کی پارٹی کرنا چاہتی ہے۔ صحت کے تئیں بیدار ہونے کی وجہ سے وہ پارٹی میں صرف پھل ہی پیش کرنے کا فیصلہ کرتی ہے۔ وہ 36 سیب اور 60 کیلے خریدتی ہے اور سب کو برابر برابر پھل دینے کا فیصلہ کرتی ہے۔



مندرجہ بالا اطلاعات کی بنیاد پر، مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

